حکومت پاکستان سے تصدیق شدہ اشاعت
ڈیرہ اسماعیل خان اور لاہور سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

ABC Certified
Reg # 1372-B

روزنامہ
سوچ آپ کی انداز ہمارا

# درپن

مسلسل اشاعت کے 17 سال

dailydarpannews@gmail.com
0333-3186868

ڈیرہ اسماعیل خان

چیف ایڈیٹر
جاوید اقبال شنواری

جلد نمبر: 17 | جمعرات 25 ستمبر 2025ء، 01 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے صفحات 6 | شمارہ نمبر: 72

# سائلین کی داد رسی کیسز کو جلد نمٹانا اولین ترجیحات میں شامل ہے: شفقت علی

**شفقت علی ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع بھکر میں او سی آر پروگرام کا دورہ**

**وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں**

ڈیرہ اسماعیل خان (سٹی رپورٹر) شفقت علی ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع بھکر میں او سی آر پروگرام کا دورہ۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی رجسٹرار جناب شفقت علی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں 23 ستمبر 2025 بروز منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو بھکر، سوئی گیس، اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر محکموں کیخلاف سنگیے۔ جس پر ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقعہ پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تا کہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔

# وفاقی محتسب: وفاقی محکموں کیخلاف 17 شکایات کی سماعت

## انچارج ریجنل آفس نے سیالکوٹ جناح ہال قلعہ میں 12 شکایات کا ازالہ کردیا

گوجرانوالہ (جنرل رپورٹر) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان نے گزشتہ روز سیالکوٹ میں جناح ہال قلعہ میں وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سنیں۔ بیشتر شکایات گیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، نیشنل ہائی وے اور دیگر وفاقی محکمہ جات کے بارے میں تھیں۔ دوران سماعت شکایت کنندگان اور متعلقہ اداروں کے افسران موجود تھے۔ ٹوٹل 17 شکایات سنیں جس میں سے 12 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کردیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی 5 شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ دوران سماعت وفاقی محکموں کے خلاف نئی شکایات بھی وصول کی گئی۔ انچارج ریجنل آفس گوجرانوالہ نے ریڈیو پاکستان، سیالکوٹ میں وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں "انصاف آپ کی دہلیز پر" کے عنوان سے آگاہی پروگرام بھی کیا اور لائیو کالرز کے سوالات کے جواب دیے۔

# ریجنل آفس سکھر کی جانب سے چیف مانیٹرنگ آفیسر کے دفتر خیرپور میں "آوٹ ریچ شکایات" کی سماعت کا انعقاد

خیرپور (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر، وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس سکھر کی جانب سے چیف مانیٹرنگ آفیسر کے دفتر خیرپور میں "آوٹ ریچ شکایات" کی سماعت کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف اداروں کے خلاف 100 سے زائد شکایات پر سماعت کی گئی۔ ایسوی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ کے مطابق، آج کی کھلی کچہری میں جن اداروں کے خلاف درخواستیں آئیں، جس میں سیپکو (ڈیڈکشن، اوور بلنگ)، یوٹیلٹی اسٹور، سوئی گیس، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، ریڈیو پاکستان، پاکستان انجینئرنگ کونسل، پاکستان بیت المال، شامل تھے۔ 85 سے زائد درخواستوں کو موقع پر حل کیا گیا۔ 18 لاکھ روپے سے زائد کا مالی فائدہ متاثرہ شہریوں کو پہنچایا گیا۔ اس موقع پر سیپکو کے ایس ڈی او سید محمد تقی شاہ، چودھری محمد عبدالسمیع، حمزہ شاہ، اللہ جاموڑو، وفاقی محتسب اعلیٰ کے نمائندے انفعا خان، ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات خیرپور سید ساجد حسین شاہ دیگر محکموں کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔